© rasailojaraid.com



# بلا تبصرہ

THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

SUNDAY SEPTEMBER 15, 2013

بانی میر خلیل الرحمن

جلد 34 — اتوار 18 ذیقعد 1434ھ 15 ستمبر 2013ء — نمبر 332

## اہم خبریں

**کنٹونمنٹ بورڈ میں دوبارہ سویلین کنٹرول کے لیے نواز شریف کی کوشش**

صفحہ 22 بقیہ نمبر 15

**طلاق کا مسئلہ: برطانیہ میں عورتیں حلالہ کے نام پر عصمت لٹا بیٹھتی ہیں**

لندن (رپورٹ: آصف ڈار) برطانیہ میں طلاق اور

صفحہ 22 بقیہ نمبر 14

**وزیر اعلیٰ سندھ، وزیر اعظم کے ہمراہ ترکی کے دورے پر جائیں گے**

**پاک ملائیشیا وفاقی کمیٹی کا اجلاس ختم، دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق**

صفحہ 22 بقیہ نمبر 4

**طالبان رہنماؤں کی رہائی سے امن ممکن ہے: افغان حکام**

صفحہ 22 بقیہ نمبر 5

**حکومت سے مذاکرات کیلئے تحریک طالبان نے 4 نام دیئے**

## طلاق کا مسئلہ؛ برطانیہ میں عورتیں حلالہ کے نام پر عصمت لٹا بیٹھتی ہیں

لندن (رپورٹ' آصف ڈار) برطانیہ میں طلاق اور حلالہ کا مسئلہ انتہائی سنگین ہو گیا ہے اور شوہروں کی جانب سے تین طلاقیں پانے والی عورتیں اس مسئلہ کو حل کرانے کے لئے جب بعض مولویوں کے پاس جاتی ہیں تو حلالہ کے نام پر ان سے اپنی عصمتیں لٹا بیٹھتی ہیں۔ حلالہ کے لئے ایک رات کی دلہن بننے والی عورتیں اپنے گھروں میں عزت و وقار کھو بیٹھتی ہیں اور اکثر اوقات نفسیاتی بیماریوں کا شکار ہو جاتی ہیں۔ لندن' برمنگھم' بریڈفورڈ سمیت کئی شہروں میں خفیہ حلالہ سینٹر قائم ہو گئے ہیں جس کے باعث عورتوں کی تذلیل سنگین مسئلہ بن گئی' ان حلالہ سینٹرز میں عورتوں کی مجبوری کا فائدہ اٹھایا جاتا ہے' ہزاروں گھر اجڑ گئے' تاہم حقیقی علماء اس کی مذمت کرتے ہیں۔ اس حوالے سے جنگ لندن کی جانب سے کی جانے والی ایک تحقیق میں سنسنی خیز انکشافات ہوئے ہیں۔ جنگ نے برطانیہ میں حلالہ کے نام پر پاکستانی اور دوسری مسلمان خواتین کی بے حرمتی کے حوالے سے جن علماء سے رابطہ کیا اور ان سے تصدیق کرنا چاہی تو تقریباً سب نے اس بات پر اتفاق کیا کہ حلالہ کے نام پر مسلمان عورتوں کی تذلیل کی جا رہی ہے۔ تاہم علمائے کرام اور حقیقی مولوی اس مسئلہ کو اس لئے اجاگر نہیں کر رہے کہ اس سے ساری مسلم کمیونٹی مزید بدنام ہو گی جو پہلے ہی چائلڈ سیکس گرومنگ اور دوسرے کیسوں کی وجہ سے انتہائی خراب حالات سے گزر رہی ہے۔ جنگ کی ریسرچ کے مطابق بعض نام نہاد مولویوں نے لندن' برمنگھم' بریڈفورڈ اور بعض دوسرے شہروں میں خفیہ طور پر حلالہ سینٹر

باقی صفحہ 82

© rasailojaraid.com